اداریہ

میڈیا مسلک کیلئے نہیں ملت کیلئے

غریب نواز ایکسپریس

GAREEB NAWAZ EXPRESS Daily Lucknow

بلڈھانہ میں اے ٹی ایس کی بڑی کارروائی

بلڈھانہ، 20 مئی (پی ایس آئی)۔انسداد دہشت گردی اسکواڈ (اے ٹی ایس) ضلع بلڈھانہ میں اپنی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس دوران اے ٹی ایس نے غیر قانونی ہتھیاروں کی اسمگلنگ کے دو الگ الگ معاملوں میں کل تین ملزمین کو گرفتار کیا ہے۔تازہ ترین واقعہ میں اے ٹی ایس نے دو مفرور ملزمین کو ناسک جاتے ہوئے پکڑ لیا۔ ذرائع کے مطابق، دونوں ملزمین منگل کی صبح تقریباً 9 بجے ناسک جا رہے تھے کہ ناسک اے ٹی ایس کی ٹیم نے انہیں روک کر حراست میں لے لیا۔اس معاملے میں ایک ملزم پہلے ہی گرفتار ہو چکا تھا۔اس معاملے میں اب کل تین ملزمین کو حراست میں لیا گیا ہے۔اے ٹی ایس مزید تفتیش میں مصروف ہے۔

Vol: (16) Issue. (311) Lucknow, Thursday 21, May 2026 Pages (04) Rs.1.00 Email: gareebnawaz110@gmail.com

جلد نمبر (۱۶) شمارہ نمبر (۳۱۱) لکھنؤ-بروز-جمعرات ۲۱/مئی ۲۰۲۶ء (صفحات ۴) قیمت: ایک روپیہ

انتظامی فیصلے میں تاخیر لوگوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کرنے کے مترادف: مرمو

نئی دہلی، 20 مئی (یو این آئی) صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے سول افسران سے مفادِ عامہ اور قائم شدہ نظام کے مطابق صحیح فیصلہ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس طرح انصاف ملنے میں تاخیر کو انصاف سے محرومی مانا جاتا ہے، اسی طرح انتظامی فیصلے میں تاخیر بھی لوگوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کرنے کے مترادف ہے انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروس (آئی اے ایس) کے سال 2024 بیچ کے افسران کے ایک گروپ نے بدھ کو راشٹرپتی بھون میں محترمہ مرمو سے ملاقات کی۔ یہ افسران ابھی مختلف مرکزی وزارتوں اور محکموں میں اسسٹنٹ سکریٹری کے طور پر کام کر رہے ہیں۔صدرِ جمہوریہ نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آل انڈیا سروسز، خاص طور پر انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروس نے ملک کی ترقی میں انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے۔اب جبکہ ملک ترقی کی ایک اعلیٰ سطح پر داخل ہو چکا ہے، افسران سے توقعات بھی زیادہ بڑھ گئی ہیں۔محترمہ مرمو نے کہا کہ اخلاقیات اور گڈ گورننس ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ افسران کو ایماندار اور اخلاقی ہونا چاہیے۔ ساتھ ہی، انہیں نتائج بھی دینے ہوں گے۔صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ فیصلہ کرنے سے بچنا اخلاقیات نہیں کہلاتا بلکہ مفادِ عامہ اور قائم شدہ نظام کے مطابق صحیح فیصلہ کرنا ہی حقیقی اخلاقیات کا نچوڑ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح انصاف ملنے میں تاخیر کو انصاف سے محرومی مانا جاتا ہے، اسی طرح انتظامی فیصلے میں تاخیر بھی لوگوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کرنے کے مترادف ہے۔محترمہ مرمو نے کہا کہ جمہوریت کا مقصد عوام کی امنگوں کو پورا کرنا ہے۔انہوں نے کہا،”یہ امنگیں ان کے منتخب نمائندوں کے ذریعے ظاہر ہوتی ہیں۔اس لیے افسران کا یہ فرض ہے کہ وہ مفادِ عامہ میں ان نمائندوں کی طرف سے اٹھائے گئے مسائل کو ترجیح دیں۔” صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ نوجوان افسران کو مختلف شعبوں میں کام کرنے کا منفرد موقع حاصل ہوگا۔کئی مواقع پر انہیں کچھ خاص شعبوں کے ماہرین کی ٹیموں کی قیادت بھی کرنی پڑے گی، اس لیے ان کے سیکھنے کا دائرہ اور رفتار دونوں انتہائی وسیع اور تیز ہونے چاہئیں۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مختلف شعبوں اور حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی ان کی صلاحیت غیر معمولی ہونی چاہیے۔صدرِ جمہوریہ نے کہا،”افسرا کی غیر جانبداری ان کی انصاف پسندی کی علامت ہوگی۔ ان کی حساسیت شمولیت کے تئیں ان کے عزم کا پیمانہ ہوگی۔ان کی ساکھ شفافیت اور مسلسل بہترین کارکردگی پر مبنی ہوگی۔ان کا ذاتی اور پیشہ ورانہ طرزِ عمل ان کی سچائی اور دیانت داری کو واضح کرے گا، جو انہیں مفادِ عامہ میں فیصلہ کن اقدامات کرنے کا اخلاقی حوصلہ فراہم کرے گا۔” انہوں نے کہا کہ افسران کو ہمدردی اور عقلیت پسندی کے درمیان توازن قائم کرنا ہوگا۔ انہیں حساس ہونا چاہیے، لیکن جذباتی نہیں۔ انہیں اصولوں پر عمل کرنا چاہیے، لیکن وسیع تر مقاصد کو بھی نظروں سے اوجھل نہیں ہونے دینا چاہیے۔صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ صرف بہتی دھار کے ساتھ بہتے چلے جانے کے لیے کسی خاص کوشش کی ضرورت نہیں ہوتی۔ وکست بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے اور معاشرے کو ترقی کے اعلیٰ ترین مقام تک پہنچانے کے لیے افسران کو کئی بار حالات کے برعکس جا کر بھی آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے افسران کو مشورہ دیا کہ وہ چاہے فیلڈ میں کام کر رہے ہوں یا دفتر میں، ہندوستان کے عوام، خاص طور پر معاشرے کے محروم طبقات کو اپنے خیالات اور کاموں کے مرکز میں رکھیں۔انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ وہ ایک ترقی یافتہ اور جامع ہندوستان کی تعمیر میں انمول تعاون دیں گے۔

زیمبیا کے ادویات کے نظام کو ڈیجیٹل بنانے کے لیے انڈیا اور زیمبیا یو این ڈی پی کا اشتراک

نئی دہلی، 20 مئی (پی ایس آئی) زیمبیا میں ادویات اور طبی سامان کی فراہمی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے زیمبیا اور بھارت کے دفاتر نے مشترکہ طور پر ایک اہم تکنیکی مشن کا آغاز کیا ہے۔اس اقدام کا مقصد زیمبیا کے میڈیسن سپلائی چین کو ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے زیادہ شفاف، موثر اور جوابدہ بنانا ہے۔پانچ روزہ مشن 18 سے 22 مئی 2026 تک لوساکا میں جاری ہے، جس میں زیمبیا اور بھارت کے ماہرین جنوبی-جنوبی تعاون کے فریم ورک کے تحت مل کر کام کر رہے ہیں۔ اس منصوبے میں زیمبیا کی وزارتِ صحت بھی شامل ہیں۔

این سی ایس سی نے پنجاب کی مردم شماری کے تنازع پر سخت نظریہ اپنایا، توہین آمیز الفاظ کے استعمال پر رپورٹ طلب

نئی دہلی، 20 مئی (پی ایس آئی)۔ نیشنل کمیشن فار شیڈیولڈ کاسٹ (این سی ایس سی) نے منگل کو پنجاب میں مردم شماری کے عمل کے دوران درج فہرست ذاتوں کی فہرست میں قابل اعتراض اور تضحیک آمیز الفاظ کے استعمال سے متعلق شکایت کا سنجیدگی سے نوٹس لیا۔قومی صفائی ملازمین کمیشن کے وائس چیئرمین ہردیپ سنگھ گل نے یہ شکایت این سی ایس سی کے چیئرمین کشور مکوانہ کو پیش کی تھی۔ شکایت کے مطابق مردم شماری کے عمل کے دوران والمیکی برادری کے حوالے سے توہین آمیز زبان کے استعمال سے کمیونٹی کے افراد میں ناراضگی پائی جاتی ہے۔ معاملے کی حساسیت کو دیکھتے ہوئے کمیشن نے فوری ایکشن لیا اور متعلقہ محکموں کو نوٹس جاری کیا۔ این سی ایس سی نے مردم شماری آپریشنز ڈائریکٹوریٹ، پنجاب کے ڈائریکٹر اور سماجی انصاف، بااختیار بنانے اور اقلیتوں کے محکمے، حکومت پنجاب کے پرنسپل سیکرٹری کو 15 دنوں کے اندر ایکشن ٹیکن رپورٹ " پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ چیئرمین کشور مکوانہ نے کہا کہ درج فہرست ذاتوں کی عزت، حقوق اور وقار کا تحفظ کمیشن کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ کمیشن متعلقہ حکام کی طرف سے پیش کی گئی رپورٹ اور اس معاملے میں اٹھائے گئے اقدامات کی بنیاد پر مزید ضروری کارروائی کرے گا۔ مارچ کے شروع میں، این سی ایس سی نے چنڈی گڑھ میں سینئر سرکاری افسران کے ساتھ دو روزہ جائزہ اجلاس کے بعد پنجاب میں درج فہرست ذاتوں کے لیے فلاحی اسکیموں کے نفاذ کے بارے میں بھی تشویش کا اظہار کیا تھا۔مکوانہ نے اس وقت کہا تھا کہ پنجاب میں درج فہرست ذاتوں کی صورتحال کو ”فوری اصلاحی اقدامات " کی ضرورت ہے۔کمیشن نے اسکالرشپ کی تقسیم میں بے ضابطگیاں، مرکزی فلاحی اسکیموں پر عمل درآمد نہ ہونا، ایس سی طلباء میں اسکول چھوڑنے کی بڑھتی ہوئی شرح، اور مظالم کی روک تھام کے طریقہ کار میں خامیاں سمیت کئی مسائل کو اجاگر کیا۔ کمیشن نے ایس سی/ایس ٹی (پریوینشن آف ایٹروسیٹیز) ایکٹ کے تحت دائر مقدمات کے نمٹانے میں کوتاہیوں کی بھی نشاندہی کی۔ این سی ایس سی کے مطابق، بہت سی شکایات کو پولیس اسٹیشنوں نے ایف آئی آر درج کیے بغیر خارج کر دیا تھا۔

امریکی سینیٹ میں ٹرمپ کے فوجی اختیارات محدود کرنے کی تجویز منظور



واشنگٹن، 20 مئی (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے فوجی اختیارات محدود کرنے سے متعلق ایک تجویز امریکی سینیٹ میں منظور کر لی گئی ہے۔ ووٹنگ کے دوران چار ریپبلکن سینیٹروں نے بھی اپوزیشن جماعت ڈیموکریٹس کا ساتھ دیا، جبکہ تین ریپبلکن سینیٹر ووٹنگ میں شامل نہیں ہوئے یہ تجویز 47 کے مقابلے 50 ووٹوں سے منظور ہوئی، تاہم قانون بننے کیلئے اسے ابھی مزید مراحل سے گزرنا ہوگا۔اگر یہ تجویز قانون کی شکل اختیار کر لیتی ہے تو ٹرمپ انتظامیہ کو ایران کے خلاف جنگ جاری رکھنے کیلئے کانگریس سے منظوری لینا لازمی ہوگا۔ابھی اس معاملے پر سینیٹ میں حتمی ووٹنگ باقی ہے۔ اس کے بعد اسے ریپبلکن اکثریت والے ہاؤس آف ریپریزنٹیٹوز سے بھی منظوری درکار ہوگی۔ تاہم اس کے بعد بھی ڈونالڈ ٹرمپ اس کے خلاف ویٹو استعمال کر سکتے ہیں۔ پھر اس ویٹو کو مسترد کرنے کیلئے سینیٹ اور ہاؤس دونوں میں دو تہائی اکثریت درکار ہوگی، جسے فی الحال مشکل سمجھا جا رہا ہے۔اس ووٹنگ کو اپوزیشن کیلئے بڑی کامیابی مانا جا رہا ہے، کیونکہ اپوزیشن مسلسل یہ مؤقف اختیار کر رہی تھی کہ امریکہ میں جنگ شروع کرنے یا فوج بھیجنے کا اختیار صدر نہیں بلکہ پارلیمنٹ کے پاس ہونا چاہیے۔ امریکی آئین میں بھی یہی نظام موجود ہے۔ یہ تجویز ریاست ورجینیا سے تعلق رکھنے والے ڈیموکریٹ سینیٹر ٹم کین نے پیش کی۔ بحث کے دوران انہوں نے کہا کہ جب جنگ بندی کی بات ہو رہی ہے تو ڈونالڈ ٹرمپ کو پارلیمنٹ کے سامنے آ کر اپنی حکمت عملی واضح کرنی چاہیے۔ٹم کین نے کہا کہ جنگ شروع کرنے کا اختیار صرف صدر کے پاس نہیں بلکہ پارلیمنٹ کے پاس ہے۔ دوسری جانب وائٹ ہاؤس کا کہنا ہے کہ ڈونالڈ ٹرمپ نے امریکی سلامتی کے تحفظ کیلئے اپنے آئینی اختیارات کے تحت کارروائی کی ہے۔

بی جے ڈی سربراہ نوین پٹنائک نے اڈیشہ میں امن وامان پر سوال اٹھائے ہیں

بھونیشور، 20 مئی (پی ایس آئی) بیجو جنتا دل (بی جے ڈی) کے صدر اور اڈیشہ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نوین پٹنائک نے منگل کو برہما پور میں ایک نوجوان اور اس کی خاتون دوست پر وحشیانہ حملے کے بعد امن و امان کی صورتحال پر ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔سوشل میڈیا پلیٹ فارم ”ایکس" پر پوسٹ کرتے ہوئے پٹنائک نے الزام لگایا کہ اڈیشہ انتشار کے خوفناک دور کا سامنا کر رہا ہے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ ریاست میں بی جے پی کی حکمرانی کے بجائے یہاں ”گنڈہ راج“ (لاقانونیت) دکھائی دیتی ہے۔ پٹنائک نے برہما پور میں نوجوان مرد اور عورت پر وحشیانہ حملے کو، جس میں انہیں مبینہ طور پر مارا پیٹا گیا، کو مکمل طور پر غیر انسانی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اڈیشہ کے لوگ اس حملے سے خوفزدہ اور شدید پریشان ہیں۔ ریاستی حکومت پر طنز کرتے ہوئے انہوں نے لکھا کہ ایسا لگتا ہے کہ بی جے پی حکومت نے اڈیشہ کو مجرموں کے حوالے کر دیا ہے۔ مجرم بغیر کسی خوف کے سفاکانہ کارروائیاں کر رہے ہیں۔ کہاں ہے پولیس انتظامیہ؟ کہاں ہے قانون کی حکمرانی؟ حکومت کب تک تقریبات اور تہواروں میں ڈوبی رہ کر عام لوگوں کی حفاظت کو خطرے میں ڈالے گی؟ بی جے ڈی سربراہ نے یہ بھی سوال کیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اٹلی کی وزیر اعظم جارجیا میلونی کو ’میلوڈی‘ ٹافی تحفے میں دی



روم، 19 مئی (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے اٹلی کی وزیر اعظم جارجیا میلونی کو میلوڈی ٹافی تحفہ میں دی اٹلی کی وزیر اعظم میلونی نے اس ویڈیو کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر شیئر کرتے ہوئے لکھا، ”وزیر اعظم مودی میرے لیے تحفے میں بہت ہی اچھی ٹافی لائے ہیں میلوڈی اس تحفے کیلئے شکریہ“ وزیر اعظم نریندر مودی اپنے پانچ ممالک کے دورے کے آخری مرحلے میں منگل کے روز اٹلی پہنچے۔ وہاں پی ایم جارجیا میلونی نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔دونوں رہنماؤں نے روم کی سڑکوں پر ایک ہی کار میں سفر کیا اور تقریباً 2000 سال پرانے تاریخی کولوزیم کا دورہ بھی کیا۔اس سے قبل، دونوں رہنماؤں نے ایک ساتھ ڈنر کیا اور کئی اہم امور پر غیر رسمی گفتگو بھی کی۔ اٹلی کی وزیر اعظم میلونی نے وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ سیلفی شیئر کرتے ہوئے لکھا،”ویلکم مائی فرینڈ۔“ دونوں رہنماؤں کی یہ تصاویر سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل بھی ہو رہی ہیں۔وزیر اعظم مودی نے ایکس پر ملاقات کی تصویر پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ آج ہونے والی رسمی گفتگو میں ہندوستان-اٹلی دوستی کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلۂ خیال جاری رہے گا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی امور پر گفتگو ہونے کا امکان ہے۔

برکس نے عالمی بحرانوں کے باوجود اپنی اہمیت برقرار رکھی

نئی دہلی، 20 مئی (پی ایس آئی) برکس (برازیل، روس، بھارت، چین، جنوبی افریقہ، اور نئے رکن ممالک) نے عالمی سیاسی و اقتصادی بحرانوں، مغربی پابندیوں اور جغرافیائی کشیدگی کے باوجود اپنی اہمیت برقرار رکھی ہے، تاہم ماہرین کے مطابق اس اتحاد کو موثر عالمی قوت بننے کے لیے اب بھی کئی بنیادی چیلنجز سے نمٹنا ہوگا۔حالیہ برسوں میں برکس نے نمایاں توسیع کرتے ہوئے مصر، ایتھوپیا، ایران، متحدہ عرب امارات اور دیگر ممالک کو شامل کیا ہے، جس کے بعد یہ اتحاد عالمی ابادی، توانائی وسائل اور اقتصادی پیداوار کے ایک بڑے حصے کی نمائندگی کرنے لگا ہے۔اس توسیع نے اسے عالمی جنوب کی اواز کے طور پر مزید تقویت دی ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ برکس نے عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات، ترقی پذیر ممالک کے لیے زیادہ نمائندگی، مقامی کرنسیوں میں تجارت اور مغربی اداروں پر انحصار کم کرنے جیسے اہم موضوعات کو عالمی ایجنڈے پر لانے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ بھارت نے اس اتحاد میں ایک متوازن اور تعمیری کردار ادا کیا ہے۔نئی دہلی برکس کو ایک ایسے پلیٹ فارم کے طور پر دیکھتا ہے جہاں ترقی پذیر ممالک اپنی اقتصادی ترجیحات، توانائی تحفظ، ٹیکنالوجی تعاون اور کثیر قطبی عالمی نظام کے تصور کو اگے بڑھا سکتے ہیں۔

کرائم برانچ نے رندیپ سنگھ سرجے والا کو 23 مئی کو پیش ہونے کے لیے سمن جاری کیا ہے

گوہاٹی، 20 مئی (پی ایس آئی) آسام پولیس نے بتایا کہ کانگریس لیڈر اور اے آئی سی سی کے جنرل سکریٹری رندیپ سنگھ سرجے والا کو 23 مئی کو کرائم برانچ کے سامنے پیش ہونے کے لیے طلب کیا گیا ہے جس میں آسام کے وزیر اعلیٰ ہمنتا بسوا سرما کی اہلیہ رنیکی بھویان سرما کے مبینہ پاسپورٹ تنازعہ کے معاملے میں آسام پولیس نے کہا۔ ذرائع کے مطابق پوچھ گچھ کے دوران کانگریس لیڈر پون کھیرا نے مبینہ طور پر سرجے والا کا نام لیا۔ جس کے بعد تفتیشی ایجنسیوں نے کیس کی مزید گہرائی میں جانا شروع کر دیا ہے۔ وہ اس بات کی بھی تحقیقات کر رہے ہیں کہ آیا گورو گوگوئی اور رندیپ سنگھ سرجے والا مبینہ طور پر تنازعہ سے متعلق کسی بڑی سازش کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے۔

دوبارہ حملہ ہوا تو جنگ خطے سے باہر تک پھیل جائے گی؛ ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی سخت وارننگ

تہران، 20 مئی (یو این آئی) ایرانی پاسدارانِ انقلاب گارڈز (آئی آر جی سی) نے امریکہ اور اسرائیل کی ممکنہ عسکری کارروائیوں کے خلاف سخت ترین وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایران پر دوبارہ کسی بھی قسم کا حملہ ہوا تو یہ جاری جنگ صرف مشرقِ وسطیٰ تک محدود نہیں رہے گی بلکہ خطے سے باہر دور تک پھیل جائے گی۔ ایرانی عسکری قیادت کا یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب خطے میں عارضی جنگ بندی کے باوجود شدید تناؤ کا ماحول ہے اور ایران نے اپنی دفاعی پوزیشن کو مزید مضبوط کرنے کا اعلان کیا ہے۔ دوسری جانب، چین میں تعینات ایرانی سفیر عبدالرضا رحمانی فضلی نے تہران اور امریکہ کے مابین جاری سفارتی کوششوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ کے تعلقات ایک انتہائی پیچیدہ اور حساس معاملہ ہیں، لیکن اس کے باوجود چین نے اسلام آباد (پاکستان) کی جانب سے شروع کیے گئے ثالثی عمل میں ایک انتہائی اہم اور کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ایرانی سفیر کا کہنا تھا کہ بیجنگ عام طور پر تبھی کسی بین الاقوامی ثالثی عمل کا حصہ بننا پسند کرتا ہے جب اسے پسِ پردہ کسی مثبت اور پائیدار نتیجے کی قوی امید ہو۔ایرانی سفیر عبدالرضا رحمانی فضلی نے مزید واضح کیا کہ موجودہ نازک سفارتی و ثالثی عمل دراصل ایران، پاکستان اور چین کے مابین بہترین تزویراتی تعاون اور مشترکہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس سہ فریقی تعاون کے ذریعے خطے کو کسی بڑی تباہی سے بچانے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے مثبت پیش رفت ممکن ہو سکے گی، تاہم تہران کسی بھی جارحیت کی صورت میں اپنے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کا جولائی میں نیوزی لینڈ کے تاریخی دورے کا امکان

نئی دہلی، 20 مئی (پی ایس آئی) بھارت کے وزیر اعظم نریندر مودی کے رواں سال نیوزی لینڈ کے پہلے سرکاری دورے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ نیوزی لینڈ کے حکام کے مطابق یہ دورہ ممکنہ طور پر جولائی میں ہو سکتا ہے اور اسے دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ نیوزی لینڈ کے نائب وزیر اعظم ڈیوڈ سیمور نے کہا ہے کہ وزیر اعظم مودی کے دورے سے متعلق باضابطہ اعلان جلد متوقع ہے۔ اگر یہ دورہ طے پاتا ہے تو یہ کسی بھی بھارتی وزیر اعظم کا نیوزی لینڈ کا پہلا سرکاری دورہ ہوگا۔ اس متوقع دورے کی اہمیت اس لیے بھی بڑھ گئی ہے کہ حال ہی میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان ایک تاریخی ازاد تجارتی معاہدہ طے پایا ہے۔

ہندوستان کو سرمایہ کاری کے شراکت دار کے طور پر دیکھیں، نہ کہ صرف ایک مارکیٹ۔جتن پرساد

نئی دہلی، 20 مئی (پی ایس آئی) منگل کو تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر مملکت جتن پرساد نے کہا کہ ہندوستان کو محض مصنوعات کی فروخت کے لیے ایک بازار کے طور پر نہیں بلکہ ایک طویل مدتی سرمایہ کاری کے شراکت دار کے طور پر دیکھا جانا چاہیے، جس میں غیر ملکی کمپنیوں کو ملک کی ترقی کی کہانی میں ہندوستانی کاروبار کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب دی جائے۔انڈسٹری باڈی ایسوچیمکے انڈیا بزنس ریفارمز سمٹ 2026 میں خطاب کرتے ہوئے، وزیر نے کہا کہ ہندوستان کی اقتصادی تبدیلی اب نہ صرف میٹرو پولیٹن شہروں بلکہ چھوٹے قصبوں اور دیہی علاقوں میں بھی چل رہی ہے، جس سے کاروباروں اور سرمایہ کاروں کے لیے ایک بڑی گھریلو مارکیٹ پیدا ہو رہی ہے۔

کیرلم کے وزیر اعلیٰ ستیسن نے اپنے پاس رکھے 35 محکمے، وزارت داخلہ کی ذمہ داری چینیتھالا کے سپرد

کیرلم کی کانگریس قیادت والی یو ڈی ایف حکومت نے نئی کابینہ میں محکموں کی تقسیم کا اعلان کر دیا ہے۔ کیرلم لوک بھون کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر اعلیٰ وی ڈی ستیسن نے مالیات، قانون، عمومی انتظامیہ اور بندرگاہوں سمیت 35 محکمے اپنے پاس رکھے ہیں۔ اہم فیصلوں اور پالیسی سازی سے متعلق کئی کلیدی محکمے خود وزیر اعلیٰ سنبھالیں گے، جس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت کے بیشتر اہم اختیارات وزیر اعلیٰ دفتر کے پاس ہی رہیں گے۔کانگریس کے سینئر لیڈر رمیش چینیتھالا کو وزارتِ داخلہ اور ویجیلنس محکمہ سونپا گیا ہے۔ ویجیلنس ایسا محکمہ ہوتا ہے جو بدعنوانی پر نظر رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ وہ مزید 3 محکموں کے امور بھی سنبھالیں گے۔ آئی یو ایم ایل لیڈر پی کے کنہالی کٹی صنعت اور کاروبار سے متعلق 7 محکموں کی ذمہ داری سنبھالیں گے، جن میں صنعت، آئی ٹی اور ٹیکسٹائل کی وزارتیں شامل ہیں۔ کیرلم کانگریس کے صدر سنی جوزف کو بجلی اور ماحولیات کی وزارتیں سونپی گئی ہیں۔ دی گئی جانکاری کے مطابق مرلی دھرن کو صحت اور دیواسم (مندروں اور مذہبی مقامات کی نگرانی کرنے والا محکمہ) کا وزیر بنایا گیا ہے۔ کیرلم حکومت میں روزی ایم جان اعلیٰ تعلیم کا محکمہ سنبھالیں گی، جبکہ اے پی انل کمار کو زمین اور محصولات کا محکمہ دیا گیا ہے۔ شمس الدین کو کیرلم کا نیا وزیر برائے عمومی تعلیم مقرر کیا گیا ہے۔ اس درمیان کیرلم کے وزیر اعلیٰ وی ڈی ستیسن نے بدھ کے روز اپنے ایک بیان میں کہا کہ کانگریس کی قیادت والے متحدہ جمہوری محاذ (یو ڈی ایف) کے سیکولر موقف پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یو ڈی ایف فرقہ پرستی کی سخت مخالفت کرتا رہے گا۔ کابینہ اجلاس کے بعد وزیر اعلیٰ ستیسن نے کہا کہ ان کے اور یو ڈی ایف کے اختیار کردہ سیکولر موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ”یہ ایک نہایت مضبوط سیکولر موقف ہے۔ جو بھی فرقہ پرستی کی زبان بولے گا، اس کی سخت مخالفت کی جائے گی۔

اداریہ

'نیٹ' کا امتحان بھی 'جے ای ای' کی طرز پر کئی شفٹوں میں لیا جانا چاہئے

دنیا کا تعلیمی نظام مسدّس نُما ہے: طلبہ، اساتذہ، والدین، انتظامیہ، معاشرہ اور حکومت۔ ہمارے ملک کو چھوڑ کر دیگر تمام ممالک میں آخری عنصر حکومت کے بجائے تِھنک ٹینک یعنی اہل فکر، ماہرین یا فکر ساز کا برین پر مشتمل ہوا کرتا ہے۔ ہمارے یہاں اُس کی جگہ سیاستدانوں نے لے رکھی ہے، اس حقیقت کے باوجود کہ ہمارے یہاں سیاست دانوں کی اکثریت تعلیم سے نابلد ہے۔ اُن کے پاس کوئی ویژن، کوئی منصوبہ اور کوئی فکر نہیں ہے۔ اسی بناء پر آج تعلیمی مسدّس کے سارے عناصر کو حکومت کا عنصر دیمک کی طرح کھائے جا رہا ہے۔ سارے مفکرین اور دانشوران کوئی پالیسی طے کرتے ہیں اور حکومت کا عنصر اُس کو یک لخت ویٹو کر دیتا ہے اور اس طرح وہ پالیسی کبھی وجود ہی میں نہیں آ پاتی۔ دراصل دنیا بھر میں ہر ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ملک میں تعلیمی پالیسی ہمیشہ طالب علم پر مرکوز ہوتی ہے۔ ہمارا ملک غالباً واحد ملک ہے جہاں طالب علم کو مرکزیت حاصل نہیں۔ وجہ؟ ہمارے اَن پڑھ سیاست داں ہیں جن کی نظر میں طلبہ کی بڑی اکثریت نہیں ہے کیونکہ ان کی عمر ۱۸/ سال سے کم ہے، یعنی اُنہیں ووٹ دینے کا حق حاصل نہیں، اسلئے طلبہ کو خوش کر کے کچھ فائدہ نہیں ہے۔ ایسے میں وہ 'والدین کو خوش کرو' کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں، جیسے (الف) آٹھویں تک کوئی امتحان نہیں (والدین کی ایک بڑی تعداد خوش ہے کہ اس کے بچّے آٹھویں جماعت تک فیل ہی نہیں ہوں گے) (ب) اسکول میں بچّوں کو ہلکی پھلکی ڈانٹ ڈپٹ بھی نہ کریں (والدین خوش ہیں کہ تعلیمی نظام سے اساتذہ کا دبدبہ ختم ہو رہا ہے) (ج) پروفیشنل کورسیز کیلئے طلبہ کو ۲۵/ فیصد تک اسکالرشپ دی جائے گی (۵۰/ فیصد سے زائد فیس بڑھا کر یہ فیصلہ کیا گیا)۔ تعلیمی محاذ کے اسی اندھیارے میں ہماری حکومت نے سارے مقابلہ جاتی امتحانات کے انعقاد کی بھی ذمہ داری لی ہے اور برسوں سے ان سارے امتحانات میں ہر قسم کی بدعنوانی اور دھاندلی ہو رہی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ سارے معاملات دانستہ ہیں۔ اس کی وجہ یہ بتائی جا رہی ہے کہ حکمراں پارٹی کے ورکرس یونیورسٹیوں میں چانسلر اور وائس چانسلر مقرر ہو رہے ہیں (ب) پارٹی کے ورکرس ہی 'ماہرین تعلیم' بن کر بیرون ملک جا کر تعلیمی پالیسی کے انعقاد کیلئے اسٹڈی گروپ کی قیادت کر رہے ہیں (ج) سِول سروسیز کے امتحان کی اہمیت کو کم کرنے کیلئے لیٹرل انٹری کا چور دروازہ استعمال ہو رہا ہے جس سے چور اُچکوں کا بھی تقرر کیا جا سکے۔ اب رہا سوال موجودہ زمانے کے تین چار اہم امتحانات کا جن سے بچّوں کے کریئر کا فیصلہ ہوتا ہے۔ لاکھوں طلبہ ان امتحانات میں شریک ہوتے ہیں۔ برسہا برس سے والدین ان امتحانات کی تیاری کیلئے اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیتے ہیں۔ بڑی بڑی قربانیاں دیتے ہیں اور حکومت ان امتحانات کے انعقاد میں کچھ ایسی غیر ذمہ داری اور لاپروائی برتتی ہے کہ ان امتحانات میں شریک ہوئے طلبہ کی ۱۰/ فیصد تعداد کامیاب ہوتی ہے اور ۹۰/ فیصد صرف ذہنی مریض۔ اس سال بھی میڈیکل امتحان نیٹ کا پرچہ لیک ہو گیا۔ اب اس تعلق سے تمام حقائق کا جائزہ لیجئے: (۱) ہر سال ہر بڑے امتحان کا پرچہ لیک یا ظاہر ہو جاتا ہے۔ جب وہ بڑے پیمانے پر ہو جاتا ہے، تب اُس کا واویلا مچ جاتا ہے ورنہ ساری دھاندلی بڑی راز داری سے ہوتی ہے۔ (۲) اس سال پرچہ لیک ہونے کی بنا پر حکومت کا فوراً حرکت میں آنے کی وجہ کیا ہوگی؟ حکومت کی دیانت داری؟ جی نہیں، حکومتِ وقت کی اب تک کی کارکردگی دیکھ کر ایک ہی وجہ سمجھ میں آتی ہے کہ حکومت کے ذمہ دار اسلئے تلملائے کہ (الف) اُن کا حصہ کہاں ہے؟ اس انتہائی اہم امتحان کا پرچہ لیک ہونے کا پورا کرپشن کم و بیش ایک ہزار کروڑ روپے کا ہے۔ اس میں حکومت کے کارندوں کا حصہ کدھر ہے؟ انہیں کچھ حاصل نہیں ہوا، ایسا کیسے چلے گا؟ (ب) دوم یہ کہ حکومت کے ذمہ داران اس لئے بپھرے ہوئے ہیں کہ ہر سال کی طرح یہ پیپر لیک کا کاروبار خاموشی سے کیوں نہیں کر سکتے؟ جی ہاں الیکٹورل بانڈ اور پی ایم کیئر فنڈ جیسے بڑے بڑے گھپلوں والی اس حکومت کیلئے یہ سب بدعنوانیاں بائیں ہاتھ کا کھیل ہے؟ (۳) نیٹ، جے ای ای وغیرہ کے امتحانات کے ذریعے طلبہ کو مسلسل ذہنی اضطراب میں مبتلا رکھنا سیاست دانوں کا محبوب مشغلہ ہے۔ اسلئے ہر سال لاکھوں طلبہ اور اُن کے والدین کو شدید ذہنی تناؤ کا شکار بنانے کے اربابِ حکومت نت نئے ہتھکنڈے اپناتے رہتے ہیں، مثلاً (الف) کبھی وہ ذمہ داران اعلان کرتے ہیں کہ نیٹ/ جے ای ای کے لیے این سی آر ٹی کا نصاب ہوگا اور عین امتحان کے وقت اعلان کر کے سب کو چونکا دیتے ہیں کہ گیارہویں/ بارہویں ریاستی بورڈ کا نصاب بھی شامل ہوگا۔ کچھ روز بعد اپنا یہ حکم نامہ واپس لیتے ہیں (ب) سب سے بڑا غضب ڈھاتے ہیں ان امتحانات کو مرتّب کرنے والے، ہم بارہا کہتے آئے ہیں کہ ان کی برین میپنگ ہونی چاہیے کہ کون لوگ ہیں اور کہاں سے آتے ہیں، کیا اُن کے لاشعور میں اُن کی ناکامیاں پوشیدہ ہیں جن کی بناء پر وہ اس درجہ شدّت پسند بن گئے ہیں کہ وہ اس امتحان میں کسی کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے (ج) اُن امتحانات میں سب سے بڑا غضب وہ ڈھاتے ہیں کہ غلط سوالات مرتّب کرتے ہیں۔ اُن کو حل کرنے میں طلبہ اچھا خاصا وقت (صَرف نہیں بلکہ) ضائع کرتے ہیں۔ ۱۰۔۱۵/ سوالات کا وقت ایک غلط سوال کیلئے گنوانے کے بعد وہ کچھ سنبھلنے کی کوشش کرتے ہیں مگر بڑی ذہنی کوفت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ذمہ داران ہنستے کِھلکِھلاتے اعلان کرتے ہیں کہ غلط سوال پر ہر کسی کو پورے نمبر دیئے جائیں گے مگر اُن کو حل کرنے میں ۱۰۔۱۵/ سوالات چھوٹ گئے اس کا ذمہ دار کون ہے؟ (د) معروضی سوالات کا عالمی پیمانے پر دستور یہ ہے کہ وہ سوال ایک سے دو سطروں پر مشتمل ہوں مگر یہ ذمہ داران جان بوجھ کر طویل سوالات مرتّب کرتے ہیں جن کے ہر سوال کو پڑھنے میں ایک منٹ، سمجھنے میں دوسرا منٹ، حل کرنے کیلئے تیسرا منٹ اور منفی مارکنگ کے ڈر سے حل کروں یا نہیں طے کرنے میں مزید ایک منٹ اور ان معروضی سوالات پر مشتمل امتحان میں ہر سوال کے لئے زیادہ سے زیادہ ۳۰/ سکینڈ ہی رہتے ہیں۔ اس معاملے میں ایک افسوس کی بات یہ ہے کہ وہ بائیولوجی میں چیلنجنگ سوال مرتّب کرنے کے اہل نہیں ہیں، اسلئے اس قسم کے ہتھکنڈے اپناتے ہیں۔ (۴) اس مرتبہ نیٹ کا امتحان دوبارہ ہوگا۔ پھر کیا ہوگا؟ اب پرچہ مشکل بنانے کی بھی کوشش ہوگی تاکہ پرچہ لیک کرنے کی خبر کو چھپا نہ پانے والوں سے بدلہ لیا جا سکے۔ پرچہ دوبارہ لیک نہ ہو، اس کے لئے کسی احتیاط کی خبر نہیں پڑھی۔ ملک بھر میں ایک دن پہلے پرچہ بھیجا جائے گا۔ کوچنگ کلاسز مافیا منتظر ہے کہ پرچہ کب اور کہاں پہنچ رہا ہے، اُس پر اے آئی سے بھی نظر رکھی جائے۔ علاج تو اس کا یہ تھا کہ کئی پرچے مرتّب ہوں اور جے ای ای کی طرز پر کئی قسطوں میں امتحان لیا جائے۔ پھر رُکاوٹ کیا ہے؟ اوّل تو یہ ہو سکتی ہے کہ کئی کئی پرچے مرتّب کرنے والے ماہرین ان کے پاس نہیں ہیں جو نیٹ کے کئی کئی متوازن پرچے مرتّب کر سکیں یا پھر حکومت کی نیّت ہی نہیں ہے کہ یہ امتحان ایمان داری سے منعقد ہو یا پھر یہ کہ ذمہ داران یہ خواہش رکھتے ہیں کہ یہ امتحان مکمل طور پر بدعنوانی اور کرپشن کا شکار رہے اور اُنھیں حصہ برابر کا ملتا رہے۔

مودی کی سات نکاتی اپیل یا حسن بانو کے سات سوالات؟

شوکت علی خان یوسف زئی

سخاوت' فیاضی اور جرأت و دلیری کے تعلق سے حاتم طائی کا نام ہم سب نے سن رکھا ہے۔ بہت کم لوگ ایسے ہیں جو حاتم طائی کی کہانیوں کے بارے میں جانتے ہیں۔ کوئی 60 سال پہلے ایک کتاب پڑھی تھی ''قصہ حاتم طائی'' جو آرائشِ محفل کے نام سے چھپی تھی۔ اس کتاب میں ایک باب شہزادی حسن بانو اور اس کے سات سوالوں کے بارے میں ہے۔ یہ شہزادی بے حد خوبصورت تھی، لیکن اس نے شادی کے لیے یہ شرط رکھی تھی کہ جو جیالا اس کے سات سوالوں کے جواب لا کر دے گا وہ اسی سے شادی کرے گی۔ ایک شہزادہ منیر شامی اس کے عشق میں گرفتار ہو جاتا ہے اور روتا تڑپتا رہتا ہے۔ حاتم طائی کو اس پر رحم آتا ہے اور وہ اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر اس کے سات سوالوں کے جواب ڈھونڈنے نکل پڑتا ہے۔ مئی 2026ء میں لوک سبھا انتخابات کے نتائج کے فوراً بعد، وزیر اعظم نریندر مودی نے حیدرآباد کے دورے میں ہندوستانی عوام بالخصوص متوسط طبقے پر ایک "معاشی بم شیل" گرا دیا۔ عالمی سطح پر امریکہ اور ایران کے تنازع کی وجہ سے خام تیل کی قیمتیں 126 ڈالر فی بیرل تک پہنچ چکی ہیں اور ملک کا درآمدی بل 775 ارب ڈالر کے ہولناک ہندسے کو چھو رہا ہے۔ اس سنگین صورتحال سے نمٹنے کے لیے وزیر اعظم نے قوم کے سامنے ایک سات نکاتی "کفایت شعاری کی اپیل" رکھی ہے۔ اس کو ایک نیا اور پرفریب نام دیا گیا ہے یعنی 'معاشی حب الوطنی' ان کی اپیل میں سونا نہ خریدنا، پٹرول بچانا، خوردنی تیل کا استعمال کم کرنا، 50 فیصد کم کیمیائی کھاد استعمال کرنا، سودیشی مصنوعات اپنانا، پبلک ٹرانسپورٹ کا استعمال، بیرونی دورے نہ کرنا اور ورک فرام ہوم (WFH) شامل ہیں۔ دلچسپ اور حیرت انگیز بات یہ ہے کہ یہ سات معاشی شرطیں برصغیر کی کلاسیکی داستان "قصہ حاتم طائی" کی اس جادوئی آزمائش سے مشابہت رکھتی ہیں، جہاں شہزادی حسن بانو نے شادی کے لیے سات ناممکن سوالات اور مہمات کی شرط رکھی تھی، اور سخی حاتم طائی نے اپنی جان جوکھم میں ڈال کر انہیں پورا کیا تھا۔ آج مودی حکومت کی یہ اپیلیں معاشی حقیقتوں سے دور ایک سیاسی طلسم محسوس ہوتی ہیں۔ یہاں شہزادی حسن بانو کو ہم حکومت سمجھ لیں گے، حکومت کی اپیل تو سات سوال ہی ہیں۔ شہزادہ منیر شامی کون ہے؟ یہ وہی طبقہ ہے جو بعد میں اقتدار اور مال و دولت کے مزے لوٹ رہا ہوگا اور حاتم طائی ملک کی غریب عوام ہے، جو اپنی جان جوکھم میں ڈال کر ان سات سوالوں کے جواب ڈھونڈنے میں اپنی عمریں تباہ کر دیتی ہے۔ یہاں شرطیں "حسن بانو" یعنی حکومت کی اپیل ہیں، لیکن جان اور روزگار کی قربانی "حاتم طائی" یعنی عوام کو دینی پڑ رہی ہے۔ 1۔ سونے کی مارکیٹ پر ضرب: حامیوں کے ساتھ وفاداری کا صلہ؟ داستان میں حسن بانو کا ایک سوال مرغابی کے انڈے کے برابر نایاب موتی کا جوڑ تلاش کرنا تھا۔ آج مودی حکومت نے عوام کو ایک سال تک سونا نہ خریدنے کا مشورہ دے کر سونے کی مارکیٹ کو کریش کر دیا ہے۔ جیمز اینڈ جیولری کی صنعت ملک میں تقریباً ایک کروڑ سے زائد افراد کے روزگار کا ذریعہ ہے۔ اس اچانک فیصلے نے لاکھوں چولہے ٹھنڈے کر دیے ہیں۔ جیولرز اور تاجر تاریخی طور پر بی جے پی کا روایتی قلعہ اور سب سے مضبوط سیاسی حامی رہے ہیں۔ مبہم جوئی پر مبنی یہ فیصلہ ان حامیوں کے لیے معاشی تدبیر سے زیادہ "سزائے وفاداری" محسوس ہوتا ہے۔ 2۔ کسانوں پر کھاد کی کٹوتی: احتجاج کا انتقام یا دیہی تباہی؟ کیمیائی کھادوں کے استعمال میں 50 فیصد کٹوتی کا حکم ایک ایسا جوا ہے جس کا انجام سری لنکا کے 2022ء کے معاشی زوال جیسا ہو سکتا ہے۔ زرعی ماہرین کا کہنا ہے کہ کھاد کی اس اچانک کمی سے فصلوں کی پیداوار میں 10 سے 15 فیصد کمی ہو جائے گی۔ جہاں 80 کروڑ جنتا پہلے ہی مفت سرکاری راشن پر زندہ ہو، وہاں یہ کٹوتی ملک کو غذائی قلت اور کمر توڑ مہنگائی کے جہنم میں دھکیل دے گی۔ سیاسی انتقام کا شبہ: پنجاب، ہریانہ اور مغربی اتر پردیش کے کسانوں نے طویل احتجاج کے بعد حکومت کو تین زرعی قوانین واپس لینے پر مجبور کیا تھا۔ کسان تنظیموں کا ماننا ہے کہ کھاد پر یہ پابندی کوئی معاشی ضرورت نہیں، بلکہ حکومت کی طرف سے اپنی لاٹھی دوبارہ لہرانے اور احتجاج کا انتقام لینے کی ایک کوشش ہے۔ اس کا نتیجہ پنجاب میں ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ کی شکل میں نکل رہا ہے۔ 3۔ پبلک ٹرانسپورٹ کا تضاد اور اشرافیہ کا استثنیٰ: پٹرول بچانے اور کار پولنگ یا عوامی سواریوں کے استعمال کا مشورہ ہندوستان کے ناقص شہری نظام کا مذاق اڑاتا ہے۔ چند بڑے میٹرو شہروں کے علاوہ ملک میں "آخری میل کی رسائی" (Last-mile connectivity) موجود ہی نہیں ہے۔ ایک عام ملازم روزانہ مختلف اوقات اور مختلف منزلوں کے لیے کار پولنگ کیسے کر سکتا ہے؟ اگر یہ اصول نافذ کرنا ہی ہے تو اس کا آغاز وزراء اور ارکانِ اسمبلی سے ہونا چاہیے جو اپنے مخصوص اور محفوظ سرکاری علاقوں سے بسوں کے ذریعے سفر کر کے سچی "معاشی حب الوطنی" کی مثال قائم کر سکتے ہیں۔ 4۔ غیر ملکی دورے، ڈیسٹینیشن ویڈنگز اور اشرافیہ کی عیاشی: داستانِ حاتم طائی میں ایک مہم "حمام بادگرد" یعنی گھومتے ہوئے طلسماتی حمام کا راز فاش کرنا تھی، جہاں لوگ عیاشی اور تجسس میں جاتے اور پھر غائب ہو جاتے یا پتھر کے ہو جاتے۔ وزیر اعظم کی اپیل میں امیروں کو غیر ملکی دوروں اور بیرونِ ملک شاہانہ شادیوں (DestinationWeddings) سے پرہیز کا مشورہ بھی اسی طلسماتی عیاشی کو روکنے کی ایک کوشش دکھائی دیتا ہے، تاکہ ملک کا قیمتی فارن ایکسچینج ڈالر باہر نہ جائے۔ لیکن یہاں بھی ایک گہرا تضاد چھپا ہوا ہے۔ ایک طرف ملک کا کھرب پتی طبقہ اور کارپوریٹ اشرافیہ اٹلی، دبئی اور تھائی لینڈ میں اربوں روپے اڑا کر شادیاں رچا رہا ہے، جس پر حکومت کوئی قانونی گرفت نہیں کرتی۔ دوسری طرف، اس اپیل کا اصل اخلاقی بوجھ گھما پھرا کر اسی متوسط طبقے پر ڈال دیا جاتا ہے جس کا کوئی خواب بیرونِ ملک تو کیا، اپنے پڑوسی شہر میں بھی اب پورا ہونا مشکل ہو رہا ہے۔ 5۔ خوردنی تیل کا بحران اور کارپوریٹ اجارہ داری: عوام کو کم تیل کھانے کا مشورہ دراصل انتظامیہ کی اس ناکامی کا اعتراف ہے کہ وہ ملک کو بنیادی غذائی تحفظ فراہم نہیں کر سکی۔ ہندوستان اپنی ضرورت کا 60 فیصد خوردنی تیل درآمد کرتا ہے۔ اس درآمدی انحصار کی وجہ سے پام آئل اور مارجرین کی قیمتیں آسمان چھو رہی ہیں، جس سے بیکنگ، صابن اور اسنیکس کی مقامی صنعتیں متاثر ہو رہی ہیں۔ ناقدین کا الزام ہے کہ اس مصنوعی سست بازاری کا براہِ راست فائدہ صرف چند چیدہ چیدہ بڑے کارپوریٹ گھرانوں جیسے اڈانی گروپ کو پہنچے گا، جو پام آئل کے سب سے بڑے درآمد کنندہ ہیں اور جو قیمتوں کو اپنی مرضی سے کنٹرول کر سکیں گے۔ 6۔ "سودیشی" کا وہم اور کاپی پیسٹ معیشت: جوتوں، بیلٹوں اور بیگوں کے لیے "سودیشی" برانڈز اپنانے کا نعرہ ایک سطحی سوچ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان طویل عرصے سے ایک "کاپی پیسٹ نیشن" (Copy-Paste Nation) بن چکا ہے، جہاں ہم نے تعلیم، انجینئرنگ، ادویات اور آٹو موبائل میں صرف غیر ملکی ماڈلز کی نقل کی ہے۔ ہماری معیشت زیادہ تر غیر ملکی پرزوں کو صرف "اسمبل" کرتی ہے، ان کے چپس، پینلز اور بنیادی ٹیکنالوجی آج بھی غیر ملکی ہیں۔ مزید یہ کہ 80 کروڑ غریبوں کے لیے برانڈز کوئی "اسٹیٹس سمبل" نہیں بلکہ ایک خواب ہیں۔ غریب کو برانڈ نہیں، سستی اور سدا بہار بنیادی اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہم نے مغرب کا لائف اسٹائل تو کاپی کر لیا، لیکن اس لائف اسٹائل کو چلانے کے لیے وسائل (تیل اور ٹیکنالوجی) ہمارے اپنے نہیں ہیں۔ 7۔ ورک فرام ہوم: ملک کی آبادی کا کتنا حصہ ہے جو منظم شعبہ میں ایسی خدمات انجام دیتا ہے جو گھر پر بیٹھ کر بھی انجام دی جا سکتی ہیں۔ مزدور طبقہ' کاریگر اور ہنر مند افراد کا کام تو گھر کے باہر کارخانوں یا کام کی جگہوں پر ہی ہو سکتا ہے۔ البتہ اسکول اور کالج کے اساتذہ اور طلبہ یہ کام گھر پر بیٹھ کر کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر' نرس' ٹرانسپورٹ سے وابستہ افراد' کسان' مل ورکرز' حمال اور مزدور' تاجرین اور دکاندار' ان سب سے آپ گھر پر کیا کام لے سکتے ہیں؟ اس مشورہ میں کتنی دانشمندی ہے اس کو حاتم طائی نہیں سمجھ سکتا۔ 6۔ سماجی تانے بانے کی پامالی: الزام تراشی یا ڈھال: اس پورے بحران کا سب سے بھیانک اور تاریک پہلو یہ ہے کہ جب یہ سات ناممکن شرطیں معاشی طور پر ناکام ہوں گی، تو اس کا ملبہ کس پر گرے گا؟ یا اس کا ٹھیکرا کس کے سر پھوٹے گا؟ داستانِ حاتم طائی میں حسن بانو ناکام ہونے والوں کے سر قلم کر دیتی تھی۔ یہاں، جب "آتم نربھر" (خود انحصاری) کا نعرہ مہنگائی کو روکنے میں ناکام ہو جائے گا، تو سیاسی فائدے کے لیے ہندو مسلم خلیج کو ہوا دی جائے گی۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی معیشت ڈوبتی ہے، حکمران طبقہ اپنے ہاتھوں لائی ہوئی ناکامیوں اور تباہیوں کو چھپانے کے لیے اقلیتوں کو "قومی مفاد اور معاشی حب الوطنی کا دشمن" قرار دے کر قربانی کا بکرا بنا دیتا ہے۔ حیدرآباد جیسے شہروں میں جہاں مسلم کمیونٹی کا ایک حصہ شادیوں اور دعوتوں میں اسراف اور نمائش کا شکار ہے، ان کی یہ فضول خرچی متعصب عناصر کو مزید تنقید کا موقع فراہم کرتی ہے۔ اس نازک موڑ پر وقت کی اہم ضرورت ہے کہ مسلمان سنتِ نبوی کے مطابق سادگی اختیار کریں، اسراف سے بچیں اور فضول خرچی کا پیسہ اپنے غریب بھائیوں کی بقا، تعلیم اور روزگار پر لگائیں۔ حاصلِ کلام: وزیر اعظم مودی کی سات نکاتی اپیل ایک ایسا زیرو سم گیم (Zero-SumGame) ہے جہاں اگر متوسط طبقہ خریداری بند کر دے تو غریبوں کا روزگار چھن جائے گا۔

کیا چاکلیٹ سونے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے؟

مشروم چاکلیٹ کے ایک برانڈ ایلس نے تین سال پہلے اپنی لانچ سے لے کر اب تک وسیع پیمانے پر مقبولیت حاصل کر لی ہے۔ اس کی اصل چاکلیٹ پروڈکٹ کا نام نائٹ کیپ ہے اور وہ اب امریکہ بھر کے دو ہزار سٹورز میں دستیاب ہے۔ اس میں شامل اجزا کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ اچھی نیند میں مدد کرتے ہیں۔ نائٹ کیپ ایلس مشرومز کی شریک بانی شارلٹ کروز اور لنڈسے گڈسٹین نے تیار کیا، اس میں مشروم اور کیمومائل شامل ہیں جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ سکون آور ہیں۔ اس میں میگنیشیم اور زنک بھی شامل ہیں جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ جسم میں میلاٹونن کی سطح کو بڑھاتے ہیں۔ میلاٹونن وہ قدرتی ہارمون ہے جو نیند لانے میں مدد کرتا ہے۔ اس پروڈکٹ میں تھیانین بھی شامل ہے۔ یہ ایک امینو ایسڈ ہے جو قدرتی طور پر سبز چائے میں پایا جاتا ہے۔ یہ جسم کو سکون دینے کے لیے جانا جاتا ہے اور نیند میں مدد دیتا ہے۔ نیو یارک شہر میں رہنے والی کروز کہتی ہیں: ہم نے نیند لانے والی چاکلیٹ کا فارمولا بنانے میں شاید سب سے زیادہ وقت لیا، کیوں کہ نیند ایک پیچیدہ مسئلہ ہے، نیند نہ آنے کی لاکھوں مختلف وجوہات ہو سکتی ہیں۔ ہم نے ہومیو پیتھک ڈاکٹروں، پی ایچ ڈی محققین، اور مصنوعات بنانے والے ماہرین کے ساتھ مل کر ایک ایسا پروڈکٹ تیار کیا جو نیند متاثر کی سبھی وجوہات سے نمٹتا ہے۔ ایسی مصنوعات کی مانگ بڑھ رہی ہے جو نیند لانے میں مدد دیں اور کروز اور گڈسٹین اس بڑھتی طلب کا فائدہ اٹھا رہی ہیں۔ سلیپ اوبلس نے 1003 امریکیوں کا سروے کیا، اس سے معلوم ہوا کہ تقریباً 47 فیصد امریکی نیند کے لیے کسی نہ کسی چیز کی مدد لیتے ہیں۔ ان میں ادویات کے بجائے میلاٹونن جیسے قدرتی سپلیمنٹس سب سے زیادہ عام ہیں۔ برطانیہ میں نیند میں مدد کے لیے طبی مصنوعات پر ان حصار جاری ہے جبکہ نیند نہ آنے کا قدرتی علاج سب سے تیزی سے ترقی کرنے والا شعبہ ہے۔ ہیکیا کی سنہ 2025 کی سلیپ رپورٹ کے مطابق امریکہ اور برطانیہ وہ ملک ہیں جو نیند کے معیار کی درجہ بندی میں سب سے کم درجے پر ہیں۔ نیند بڑھانے والے سنیکس (ہلکی پھلکی غذائیں)، جیسے کہ ایلس مشرومز نائٹ کیپ چاکلیٹ، ان نئی قسم کی مصنوعات کا حصہ ہیں جن میں سپلیمنٹس کے فوائد کو ایک خوش ذائقہ پراڈکٹ کی صورت پیش کیا گیا ہے۔ کروز کہتی ہیں کہ جب نیند کے لیے آپ چاکلیٹ لیتے ہیں تو اس کا مزا بھی آتا ہے، لیکن کیپسول لینے سے احساس ہوتا ہے کہ آپ دوائی لے رہے ہیں اور اس کا مزا نہیں آتا۔ یہی وجہ ہے کہ نیند لانے والی مٹھائیوں میں مقابلہ بازی بڑھ رہی ہے۔ تھیانین اور میلاٹونن کے ذریعے نیند لانے والی دیگر مصنوعات بھی آ چکی ہیں۔ جیسے کہ گڈ نائٹ ڈارک چاکلیٹ بارز، لیگون کی نائٹ بائٹس میں تھیانین اور میگنیشیم ہے، جبکہ گڈ ڈے چاکلیٹ بلینڈ میں میگنیشیم، تھیانین اور کیمومائل شامل کیا گیا ہے۔ سکون آور ریشی مشرومز بہت سے چاکلیٹس، جیلز، اور مشروبات میں بھی فعال جزو ہیں۔ لیکن کیا ان مقبول مصنوعات کے پیچھے کوئی قابل اعتماد سائنسی بنیاد موجود ہے؟ سائنسی طور پر ثابت ہو چکا ہے کہ میگنیشیم اور میلاٹونن نیند کے لیے فائدہ مند ہیں، لیکن جہاں تک کیمومائل جیسے اجزا کا تعلق ہے، تو نیند پر ان کے مثبت اثرات اگر موجود بھی ہوں تو وہ عموماً عارضی ہوتے ہیں اور اکثر اوقات محض پلیسبو (وہم پر مبنی) اثر کے مترادف ہوتے ہیں۔ برطانیہ میں میلاٹونن صرف ڈاکٹر کے نسخے پر دیا جاتا ہے اور وہ بھی نیند کے مسئلے سے دوچار افراد کو مختصر مدت کے لیے۔ ریشی مشروم پر موجودہ تحقیق بہت کم ہے جس سے مضبوط سائنسی نتیجہ اخذ کرنا مشکل ہو جاتا ہے، اگرچہ ایشیائی طب میں اسے ہزاروں سال سے استعمال کیا جا رہا ہے۔ جہاں تک تھیانین کا تعلق ہے، اس پر تحقیق ابھی جاری ہے۔ غذا میں تھیانین کا استعمال اس وقت سے بڑھا جب سنہ 1960 میں جاپان نے خوراک میں اس کے استعمال کی منظوری دی۔ امریکہ کی فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (ایف ڈی اے) نے سنہ 2005 میں تھیانین کو کھانوں اور مشروبات میں استعمال کرنے کی اجازت دی، لیکن یورپ اور برطانیہ میں معاملہ زیادہ پیچیدہ ہے۔ وہاں تھیانین صرف اس صورت میں قابل قبول ہے جب وہ قدرتی طور پر سبز چائے سے حاصل کیا گیا ہو،

اپنے بچے کا احترام جیتنے کے لیے آٹھ عادتیں ترک کریں

